© rasailojaraid.com



# دروس الحدیث

حضرت مولانا صوفی عبد الحمید سواتی دامت برکاتہم کو اللہ رب العزت نے حکمت ولی اللہی کی روشنی میں اسلامی عقائد و احکام کی وضاحت کا جو خصوصی ذوق عطا فرمایا ہے، وہ اس دور میں دینی مطالعہ کے شائقین کے لیے نعمت خداوندی ہے اور مدرسہ نصرۃ العلوم کے طلبہ اور گوجرانوالہ کے شہریوں کے علاوہ ملک بھر کے ہزاروں علماء کرام اور دیگر مسلمان اس چشمہ فیض سے سیراب ہو رہے ہیں۔ حضرت صوفی صاحب مدظلہ کا درس قرآن کریم "معالم العرفان فی دروس القرآن" کی صورت میں مرتب ہو چکا ہے جس کی بیشتر جلدیں شائع ہو کر باذوق حضرات کے زیر مطالعہ ہیں اور "معالم العرفان" کے مرتب الحاج لعل دین ایم اے نے اسی طرز پر حضرت صوفی صاحب کے "دروس حدیث" کو مرتب کرنے کا سلسلہ بھی شروع کر دیا ہے۔ جامع مسجد نور مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ میں حضرت صوفی صاحب مدظلہ کا معمول رہا ہے کہ جب تک صحت نے اجازت دی ہے، وہ نماز فجر کے بعد ہفتہ میں چار دن قرآن کریم اور دو دن حدیث نبویؐ کا درس دیتے رہے ہیں اور قرآن کریم کی طرح حدیث کی مختلف کتابوں کا بھی تسلسل اور ترتیب کے ساتھ درس ہوتا رہا ہے۔ یہ دروس ریکارڈ ہو چکے ہیں، جنہیں الحاج لعل دین صاحب مرتب کر کے "دروس الحدیث" کے نام سے سامنے لانے کا عزم رکھتے ہیں۔ اس وقت ہمارے سامنے "دروس الحدیث" کی تین جلدیں ہیں جو "مسند امام احمد بن حنبل" کی ساڑھے چھ سو سے زائد روایات پر مشتمل ہیں جبکہ ان کی مجموعی ضخامت ایک ہزار صفحات کے لگ بھگ ہے اور تینوں جلدیں عمدہ کتابت و طباعت اور مضبوط جلد کے ساتھ مزین ہیں۔

حضرت صوفی صاحب مدظلہ کا انداز بیان عام مجالس میں سادہ اور عام فہم ہوتا ہے اور ان کی کوشش ہوتی ہے کہ دقیق علمی اور تحقیقی مباحث سے گریز کرتے ہوئے سامعین کو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

زندگی کے مختلف شعبوں کے بارے میں مسائل و احکام ذہن نشین کرائے جائیں۔ یہ رنگ دروس الحدیث میں بھی جھلکتا ہے، جس کی وجہ سے یہ مجموعہ احادیث علماء و خطباء کے ساتھ ساتھ عام پڑھے لکھے حضرات کے لیے بھی بھرپور افادیت کا حامل ہے۔

"دروس الحدیث" کی دو سو تیں صفحات پر مشتمل پہلی جلد کی قیمت پچھتر روپے، چار سو سے زائد صفحات پر مشتمل دوسری جلد کی قیمت نوے روپے اور اسی ضخامت کی تیسری جلد کی قیمت بھی نوے روپے ہے جو کاغذ اور کتابت و طباعت کے ہوشربا اخراجات کے اس دور میں بہت واجبی ہے اور مکتبہ دروس القرآن مدرسہ نصرۃ العلوم محلّہ فاروق گنج گوجرانوالہ کے احباب کی طرف سے کسی منفعت کے بغیر دروس القرآن اور دروس الحدیث کو زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچانے کے عزم کا عملی اظہار ہے۔

(مدیر اعلیٰ)

## ریڈیائی تقریریں

تقاریر: مولانا کبیر الدین فاران مظاہری۔ ناشر: خلافت راشدہ اکادمی، اردو بازار لاہور۔ صفحات: ۱۳۲۔ قیمت درج نہیں۔

سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم، ارکان اسلام، روزہ، عید، قربانی، داستان کربلا، مذہب اور انسان اور انصاف وغیرہ کے عنوانات پر یہ مولانا کبیر الدین فاران مظاہری کی ان تقاریر کا مجموعہ ہے جو مختلف اوقات میں انڈیا کے مختلف ریڈیو اسٹیشنوں سے نشر ہوتی رہیں۔ کتاب کی افادیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ اس پر مقدمہ مفکر اسلام حضرت مولانا سید ابو الحسن علی ندوی نے تحریر فرمایا ہے۔ مستند حقائق و واقعات پر مشتمل یہ مجموعہ دینی ادب میں ایک قابل قدر اضافہ ہے۔

(ابو الحقائق چاریاری)

## آئینہ عملیات

مصنف: صوفی عزیز الرحمن پانی پتی۔ ناشر: اسلامی کتب خانہ لاہور۔ صفحات: ۳۶۴۔

© rasailojaraid.com